QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 165 گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں کی توسیع وتجدید اور مرمتی کاموں کے سلسلے میں بجلی بند رہیگی

کوئٹہ :06 جنوری 2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق مرمتی اور ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں مختلف گرڈ اسٹیشنز اور ٹرانسمیشن لائنوں پر کام کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 8 جنوری کو (بروز جمعرات) خاران گرڈ اسٹیشن کے سرکٹ بریکر کی مرمتی کام کے سلسلے میں گرڈ اسٹیشن سے منسلک 11kv قادرآباد، نوروز قلات، محمد خان، شیخ زید ہسپتال فیڈر سے صبح 9 بجے سے دن ایک بجے تک جبکہ اسی گرڈ اسٹیشن کے سٹی ٹو، قلات، دریچہ، کیڈٹ کالج اور شاروزی فیڈروں سے دوپہر 2 بجے سے شام 6 بجے تک بجلی کی فراہمی بند ہوگی۔اسی روز منجھوشوری گرڈ اسٹیشن کے بریکر اور جمپر کے کام کیلئے صبح 9 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی۔اسی روز گلستان گرڈ اسٹیشن کے پینل کی چیکنگ کا کام کیا جائے گا جس کیلئے 11kv شموزئی، فقیر کاکا، رحمان زئی، گلستان باغ، گلستان سٹی ٹو فیڈروں سے صبح 10 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔اسکے علاوہ 9 جنوری کو 66kv ہنہ گرڈ اسٹیشن کے تمام فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہے گی۔علاوہ ازیں 10 جنوری کو 132Kv مسافر پور۔ژوب ٹرانسمیشن لائن پر نئے کنڈکٹرز کی تنصیب کا کام کیا جائے گا جس کے باعث ژوب گرڈ اسٹیشن کے تمام فیڈروں سے صبح 8 بجے سے شام 4 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں بجلی کی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی گئی ہے۔

# # #